SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

December 9, 2023

# ایس ای سی پی نے نومبر میں 2,234 کمپنیاں رجسٹر کیں

اسلام آباد (دسمبر 9) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اس سال نومبر میں 2,234 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں، جس سے کل رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد دو لاکھ، سات ہزار چھ سو چوون (207,654) ہو گئی ہے۔ نئی شامل کمپنیوں کا کل ادا شدہ سرمایہ کا حجم سات ارب 74 کروڑ روپے ہے۔

نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں تقریباً 58 فیصد کمپنیاں، بطور پرائیویٹ لمیٹڈ کے طور پر رجسٹرڈ ہوئیں جبکہ 39 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں شامل تھیں اور بقیہ تین فیصد پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش تنظیمیں، تجارتی تنظیموں اور محدود ذمہ داری کی شراکت داری کے طور پر رجسٹرڈ ہوئیں۔ اس ماہ دو غیر ملکی کمپنی نے بھی پاکستان میں کاروبار کرنے کی رجسٹریشن حاصل کی ہے، جبکہ 116 درخواست دہندگان نے ایس ای سی پی کی ای سروسز کے ذریعے بیرون ملک سے کمپنیاں رجسٹر کیں۔ اس ماہ تقریباً 99.7 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹرڈ ہوئیں۔

اس ماہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں 313 اور ٹریڈنگ کے شعبے میں بھی 313 کمپنیاں ہی رجسٹر ہوئیں، اس کے بعد خدمات کے شعبے میں 271 کمپنیاں، رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اور کنسٹرکشن میں 243 کمپنیوں جبکہ سیاحت کے شعبے میں 106 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ اس کے بعد فوڈ اینڈ بیوریجز میں 83، تعلیم کے شعبے میں 76، کان کنی اور کھدائی 67، مارکیٹنگ اور اشتہارات 56، کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ 52، ٹرانسپورٹ اور انجینئرنگ 51، ای کامرس اور پاور جنریشن 48، فارماسیوٹیکل 41، ٹیکسٹائل 38، کیمیکل 35، ایندھن اور توانائی کے ساتھ۔ 32 کے ساتھ ہیلتھ کیئر، 29 کے ساتھ براڈکاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ، 26 کے ساتھ براڈکاسٹنگ، 25 کے ساتھ رہائش، 19 کے ساتھ کاسمیٹکس اور ٹوائلٹریز، 12 کے ساتھ کمیونیکیشن اور پیپر اینڈ بورڈ، 11 کے ساتھ کیبلز اور الیکٹریکل سامان اور دیگر شعبوں میں 176 کمپنیاں رجسٹرڈ تھیں۔

اس کے علاوہ 72 نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری دیکھی گئی۔ ان کمپنیوں میں افغانستان، آسٹریلیا، آذربائیجان، چین، جمہوریہ چیک، فن لینڈ، جرمنی، ایران، ملائیشیا، ماریشس، منگولیا، نیدرلینڈ، قطر، سعودی عرب، جنوبی افریقہ، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ اور امریکہ۔ سرمایہ کاری کا بڑا حصہ چین سے 44 کمپنیوں کے ساتھ، ترکی سے 04، آذربائیجان نے 03، افغانستان، جرمنی، ملائیشیا، نیدرلینڈز اور امریکا سے 02، اور دیگر ممالک سے 11 کمپنیوں میں سرمایہ کاری کی گئی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

ایف بی آر اور مختلف صوبائی محکموں کے ساتھ ایس ای سی پی کے انضمام کے نتیجے میں، این ٹی این کی رجسٹریشن کے لیے ایف بی آر میں 2,169 کمپنیاں، رجسٹر ہوئی، 57 کمپنیاں ایمپلائزاولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوٹ میں رجسٹر ہوئیں جبکہ، 39 کمپنیاں سندھ اور پنجاب کے ریونیو بورڈ کے ساتھ اور 38 کمپنیاں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے ساتھ رجسٹر ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005